© rasailojaraid.com



موضوع پر اہم علمی کاوش اور مفید علمی اضافہ۔(محمد ایوب منیر)

**قرآن پر عمل**، سمیہ رمضان۔ مترجم: ظہیرالدین بھٹی۔ ناشر: منشورات' منصورہ' لاہور۔ صفحات: ۱۶۰۔ قیمت: ۷۵روپے۔

قرآن پر عمل قرآنی آیات کے مطابق عمل اور ان کے معجزاتی اثرات کے بیان پر مشتمل ایک خوب صورت کتاب ہے۔ یہ کتاب محترمہ سمیہ رمضان کے تجربات پر مشتمل ان کے سلسلہ وار مضامین کا مجموعہ ہے۔ مصنفہ ایک عرب معلمہ ہیں۔ انھوں نے مدت سے درسِ قرآن کا ایک سلسلہ شروع کر رکھا ہے جس کے ذریعے بالخصوص خواتین کے ذہنوں میں تبدیلی لانے اور ان کی الجھنوں اور پریشانیوں کا علاج دریافت کرنے میں کوشاں ہیں۔ وہ ہر دفعہ ایک قرآنی آیت کا انتخاب کرتی ہیں اور پھر وہ اور ان کی ساتھی دوسری خواتین اس آیت کے مطابق عمل کرتی ہیں تو اپنے مسائل حل ہوتے دیکھتی ہیں۔ شرکا تجربے سے سیکھتی ہیں کہ قرآن کی تعلیمات کے مطابق عمل کرنے میں کتنے فوائد وثمرات حاصل ہوتے ہیں۔

ترجمہ رواں اور سلیس زبان میں کیا گیا ہے۔ اس کتاب میں محض قرآن کی تبلیغ پر ہی اکتفا نہیں کیا گیا' اس پر عمل کرنے اور زندگی کے ہر معاملے میں اس سے رہنمائی حاصل کرنے کی ترغیب بھی دی گئی ہے۔ یہ کتاب خواتین کے ساتھ ساتھ مردوں کو بھی قرآن فہمی اور اس کے مطابق عمل کرنے اور زندگی گزارنے کا جذبہ وسلیقہ فراہم کرتی ہے۔ حال ہی میں اس کا اعلیٰ کاغذ پر خوب صورت اور دل کش نیا اڈیشن سامنے آیا ہے۔(سعید اکرم)

**سیرت الامین صلی اللہ علیہ وسلم**، محمد رفیق ڈوگر۔ ناشر: دید شنید پبلشرز' ۲۳-فضل منزل' بیڈن روڈ' لاہور۔ صفحات (جلد اول): ۱۷۴' (دوم): ۱۵۷' (سوم) ۱۸۴۔ قیمت فی جلد: ۱۵۰ روپے۔

تین جلدوں پر مشتمل یہ کتاب انفرادیت کے ساتھ ساتھ بہت سی خوبیوں کی حامل ہے۔ ہر عمر کے بچوں کے لیے لکھی گئی اس کتاب میں اسلوبِ بیان شستہ' رواں اور سادہ و عام فہم ہے۔ واقعاتی اور افسانوی انداز قاری کو کھینچ لیتا ہے اور وہ پڑھتا چلا جاتا ہے۔ تحریر دل نشین' مؤثر اور

© rasailojaraid.com